دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Zeeshan**		Serial No .: **23694**		MODE: **Regular**
Address : **Karachi**		Date : **11/5/2014**		
Subject : **Taharat**		Contact No:		
Writer : محمد عبد اللہ		Email :		

assalomoalikum, janab ye maillom krna hay k srdion may hmbstry k bd agr taharat hasil na krain k sbh uth k krlaingay to kia iski gunjaesh hay or agr gunjaesh hay to kia bv isi haalat may bachay ko apna doodh pilaskty hay ya ni, rehnumaey frmaen

السلام علیکم، جناب یہ معلوم کرنا ہے کہ سردیوں میں ہمبستری کے بعد اگر طہارت حاصل نہ کریں کہ صبح اٹھ کر کرلیں گے تو کیا اس کی گنجائش ہے؟ اور اگر گنجائش ہے تو کیا بیوی اسی حالت میں بچے کو اپنا دودھ پلاسکتی ہے یا نہیں؟ رہنمائی فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

ہمبستری کے بعد فوراً غسل کرنا ضروری نہیں اسلئے سردی یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے فوری غسل کرنا ممکن نہ ہو تو صرف وضوء کرلینا کافی ہے۔ صبح اٹھ کر غسل کیا جا سکتا ہے اور جنابت کی حالت میں بچے کو دودھ پلانا بھی جائز اور درست ہے۔

فی الصحیح للإمام البخاری :- عن عبد الله بن عمر رضی الله عنهما أنه قال ذكر عمر بن الخطاب لرسول الله صلى الله عليه وسلم أنه تصيبه الجنابة من الليل فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ واغسل ذكرك ثم نم اه (ج۱ ص۴۳)۔

فی اعلاء السنن :- عن عائشة رضی الله عنها كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان جنبًا وأراد أن يأكل أو ينام توضأ وضوءه للصلوة اه وقال الشارح تحته وبالجملة فقد ثبت عنه صلى الله عليه وسلم تأخير الغسل الى وقت الصلوة الخ (ج۱ ص۱۶۷)۔ والله تعالى أعلم بالصواب

محمد عبد الله عفی عنه وعن والدیه وعن جمیع المسلمین
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۵ شعبان ۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان نعمانی
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۸/۸/۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۱/۸/۱۴۳۶ھ

دار الافتاء ۲۳۶۹۴ ۱۲/۸/۱۴۳۶

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

31/5/15